## پاکستان کی سلامتی پر اندرونی و بیرونی خطرات منڈلا رہے ہیں، ملک اداروں کے درمیان تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا، ڈاکٹر فاروق ستار

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو گروہی اور سیاسی جماعتوں کی سیاست سے بالاتر ہوکر ملک کے مفاد کی خاطر سوچنا ہوگا

## قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو ملکی صورتحال پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہیں، انیس احمد قائم خانی

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم سیکرٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے اجلاس سے گفتگو

کراچی:۔۔۔21، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم سیکرٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کا اجلاس ہفتہ کے روز منعقد ہوا۔جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس احمد قائم خانی نے شعبہ جات کے ذمہ داران، ریزیڈینٹس کمیٹیاں اور کونسل آ ٓف پروفیشنل (سی او پی) سے گفتگو کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر محترمہ نسرین جلیل اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان سینیٹ اور ارکان اسمبلی بھی موجود تھے۔اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی پر اندرونی و بیرونی خطرات منڈلا رہے ہیں اور اس سے نجات دلانے کیلئے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو گروہی اور سیاسی جماعتوں کی سیاست سے بالاتر ہوکر ملک کے مفاد کی خاطر سوچنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سلمیت کو درپیش مشکلات سے نکالنے کیلئے گزشتہ روز اپنے بیانات سے ملک بھر کے عوام کو بروقت آگاہ کرکے نا صرف ایک سیاست دان بلکہ ایک دور اندیش رہنماء ہونا کا ثبوت دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک اداروں کے درمیان تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا لہٰذا ہمیں اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کو مشکل کی اس گھڑی سے نکالنے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے انیس احمد قائم خانی نے کہا کہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان، عوامی نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تجزیوں کی روشنی میں پاکستان کو موجود بحرانوں اور چیلنجز سے نکالنے کیلئے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، اکابرین، مذہبی وسیاسی جماعتوں اور این جی اوز اور میڈیا سے وابستہ مالک کان وانیکر پرسن سے رابطہ کرکے انہیں ملک کی بقاء وسلامتی کے حوالے سے آگاہ کریں تاکہ ملک بھر کے عوام کو معلوم ہوسکے کہ ملک کن کن بحرانوں سے گزر رہا ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے گزشتہ روز لندن سے جاری ہونیوالے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کو اجلاس کے شرکاء کو پڑھ کر سنایا۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بیانات کے رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست نمائندوں کو

## ملک گیر سطح پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، اکابرین، سیاسی ومذہبی

## جماعتوں کے رہنماؤں انسانی حقوق کی تنظیموں، این جی اوز اور میڈیا کے نمائندگان سے ملاقات کیلئے رابطوں کا سلسلہ شروع

کراچی:۔۔۔21، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے شعبہ جات کے ذمہ داران نے گزشتہ روز جاری ہونیوالے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تجزیوں کے بعد سے ملک گیر سطح پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، اکابرین، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، انسانی حقوق کی تنظیموں سے ملاقات کیلئے رابطوں کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔ان ملاقاتوں میں ایم کیوایم کے مختلف وفود ملک کی مجموعی موجودہ سیاسی صورتحال پر انہیں تفصیلی آگاہ کریں گے۔

## ماہ رمضان المبارک میں پبلک سیکریٹریٹ دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجے تک کھلے گا

## عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجے تک حق پرست نمائندوں سے ملاقات کرسکتے ہیں

کراچی:۔۔۔21، جولائی 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ماہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کی سہولت کیلئے خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں قائم پبلک سیکریٹریٹ کے اوقات کار (ٹائمنگ) میں تبدیلی کردی ہے جس کے مطابق پبلک سیکریٹریٹ ماہ رمضان المبارک کے دوران دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجے تک کھلا رہے گا جہاں اس دوران حق پرست منتخب عوامی نمائندے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنے مقررہ دنوں میں ڈیوٹیاں انجام دینگے اور عوام کے مسائل حل کریں گے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں سے دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجے تک ملاقات کرسکتے ہیں۔

## ایم کیوایم بلوچستان نصیر آباد زون کے انچارج شہباز عمرانی کی والدہ محترمہ مائی فیروزہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔21، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلوچستان نصیر آباد زون کے انچارج شہباز عمرانی کی والدہ محترمہ مائی فیروزہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆